سعودیہ کے مؤثر اقدامات، دوران حج گرمی سے اموات اور فالج کے واقعات میں کمی

ریاض (ایجنسیاں) ہر سال 180 سے زائد ممالک سے آئے لاکھوں عازمین حج سعودی عرب کا رخ کرتے ہیں۔ سعودی حکومت کے اقدامات کے باعث 40 سالوں میں حج سیزن کے دوران گرمی اور لُو سے ہونے والی اموات میں 47.6 فیصد اور فالج کے واقعات میں 74.6 فیصد کی کمی رپورٹ کی گئی ہے۔ حال ہی میں شہزادہ فیصل اسپیشلسٹ اسپتال اینڈ ریسرچ سینٹر کے زیر اہتمام ’مکہ جانے والے عازمین حج کیلئے موسمیاتی صحت سے متعلق خطرات میں اضافے‘ کے عنوان سے ایک تحقیقی رپورٹ جرنل آف ٹریول میڈیسن میں شائع کی گئی۔ شائع کی گئی تحقیقاتی رپورٹ میں 40 سالوں میں حج سیزن کے دوران ماحول کے درجہ حرارت میں اضافے اور صحت کی صورتحال کے درمیان تعلق کا جائزہ لیا گیا۔ تحقیقاتی رپورٹ میں بتایا گیا کہ ہر سال 180 سے زائد ممالک سے لاکھوں عازمین حج سعودی عرب کا رخ کرتے ہیں جبکہ مکہ میں ہر 10 سال کے دوران درجہ حرارت میں 0.4 ڈگری سینٹی گریڈ کا اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے۔ درجہ حرارت میں اضافے کے باوجود سعودی حکومت کے اقدامات سود مند ثابت ہوئے اور 40 سال کے حج سیزن کے دوران گرمی اور لو سے ہونے والی اموات میں 47.6 فیصد اور فالج کے واقعات میں 74.6 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ سعودیہ کے مؤثر اقدامات، دوران حج گرمی سے اموات اور فالج کے واقعات میں کمی۔ سعودی حکومت کی جانب سے ہر برس حجاج کیلئے گرمی کے پیش نظر صحت کو لاحق خطرات کم کرنے کے لیے متعدد اقدامات سامنے آتے ہیں۔ ان اقدامات میں کھلی جگہوں پر ہوا کو ٹھنڈا کرنے کے لیے fanmist کا استعمال، پانی اور چھتری کی تقسیم کے ساتھ ساتھ 2010 سے مقدس مقامات پر شروع کی گئی المشاعر ٹرین سمیت ائیر کنڈیشنڈ گاڑیاں بھی شامل ہیں۔ سعودی حکومت نے قدرتی ہوا کو بہتر بنانے اور مقدس مقامات پر درجہ حرارت کو کم کرنے کیلئے طویل المدتی اقدامات شروع کیے ہیں جن میں ماحولیاتی انجینئرنگ اور عمارت کے ڈیزائن کی حکمت عملیوں کو مربوط کرنے جیسے اقدامات قابل غور ہیں۔ عازمین حج کیلئے کیے گئے سعودی اقدامات میں سایہ دار جگہوں میں اضافہ اور رش کو کم کرنے کی کوششیں بھی شامل ہیں۔

مکہ مکرمہ میں موٹر سائیکلوں کے داخلے پر پابندی عائد

مکہ مکرمہ (یو این آئی) حج سیزن کے دوران غیر متعلقہ افراد کو روکنے کے لیے مکہ مکرمہ میں موٹر سائیکلوں کے داخلے پر بھی پابندی عائد کردی گئی ہے۔ مناسک حج کا آغاز جمعہ 14 جون سے ہو رہا ہے۔ سعودی حکومت نے حج پرمٹ کے بغیر کسی بھی ویزے پر آئے افراد سمیت مقامی لوگوں پر حج پر پابندی عائد کر رکھی ہے اور اس حوالے سے خلاف ورزی کرنے والے ہزاروں افراد کے خلاف کارروائی بھی کی گئی ہے۔ اب غیر قانونی عازمین کو مکہ مکرمہ میں داخل ہونے سے روکنے کے لیے شہر حرم میں موٹر سائیکلوں کے داخلے پر بھی پابندی عائد کردی گئی ہے۔ سبق ویب سائٹ کے مطابق محکمہ ٹریفک کے ترجمان کرنل منصور الشکرہ نے کہا ہے کہ غیر قانونی عازمین کے داخلے کو روکنے کے لیے مکہ مکرمہ اور مشاعر مقدسہ لے جانے والے تمام راستوں پر چوکیاں قائم کردی ہیں اور موٹر سائیکلوں کے داخلے پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر مکہ میں صرف ان گاڑیوں کو داخل ہونے دیا جا رہا ہے جن کے پاس اجازت نامہ ہوگا۔ کرنل منصور کا کہنا تھا کہ ہر وہ شخص کو مکہ مکرمہ میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کی کوشش کرے گا اس کے خلاف کارروائی ہوگی اور غیر قانونی حج کے انسداد کے لیے محکمہ ٹریفک، سیکیورٹی فورسز کے دیگر اداروں کے تعاون سے جامع منصوبے پر کام کر رہا ہے۔

مناسک حج کا کل سے ہوگا آغاز

عازمین حج کو صرف منظور شدہ حجاموں سے بال کٹوانے کی ہدایت



منی (ایجنسیاں)

مناسک حج کا آغاز جمعہ سے ہوگا اور حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ 8 ذوالحجہ بروز ہفتے کو ادا کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق حج 2024 کی ادائیگی کی تیاریاں مکمل کر لی گئیں، مناسک حج کا آغاز جمعہ سے ہوگا۔ آج شام سے عازمین کو منیٰ پہنچایا جائے گا، جہاں وہ دنیا کی سب سے بڑی خیمہ بستی میں قیام کریں گے۔ حج کا رکن اعظم وقوف عرفہ 8 ذوالحجہ بروز ہفتے کو ادا کیا جائے گا۔ سال میں چند دنوں کے لیے بسائی جانے والی خیمہ بستی میں صفائی اور مرمت کے مختلف کام مکمل ہیں۔ منیٰ کی خیمہ بستی مسجد الحرام سے 7 کلومیٹر شمال مشرق میں واقع ہے، شمالی اور جنوبی سمت پہاڑ ہیں۔ منیٰ کی وادی سال میں صرف ایام حج میں ہی آباد ہوتی ہے اور اسے دنیا کی واحد عارضی خیمہ بستی کہا جاتا ہے، جو 8 ذوالحجہ سے 13 ذوالحجہ تک آبادی رہتی ہے۔ سعودی حکام کے مطابق دنیا بھر سے ڈیڑھ کروڑ عازمین سعودی عرب پہنچے ہیں، سیکورٹی انتظامات مکمل ہیں۔ مکہ میں تمام مقدس مقامات اور مساجد میں ہائی ریزولوشن کیمرے لگائے گئے ہیں۔

رواں سال حج کے لیے سعودی حکومت نے کئی اقدامات کیے ہیں جن کا مقصد عازمین حج کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کرنا ہے۔

عازمین حج کو صرف منظور شدہ حجاموں سے بال کٹوانے کی ہدایت رواں سال حج کے لیے سعودی حکومت نے کئی اقدامات کیے ہیں جن کا مقصد عازمین حج کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کرنا ہے۔ مکہ مکرمہ میں حج 2024 میں عازمین کی سہولت کے لیے سعودی عرب کی حکومت نے کئی اقدامات کیے ہیں اور انہیں ہدایات جاری کی ہیں۔ وزارت حج نے حج سیزن کے دوران حجاموں کو بھی صحت ضوابط کا پابند کیا ہے جب کہ عازمین حج کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ صرف اجازت یافتہ حجاموں سے بال کٹوائیں۔ واضح رہے کہ عمرے کی ادائیگی اور حج اراکین کی تکمیل کے بعد احرام سے باہر آنے سے قبل حلق کرانا (مردوں کے لیے سر کے بال منڈوانا، یا ایک چوتھائی سر کے بال کٹوانا اور خواتین کے لیے بھی ایک پور کے برابر چوتھائی سر کے بال کٹوانا لازمی ہوتا ہے)۔

مختصر خبریں

اسرائیل کا لبنان پر حملہ، سینئر حزب اللہ کمانڈر سمیت 4 افراد شہید

بیروت (ایجنسیاں) اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان میں حملہ کر کے حزب اللہ کے سینئر فلیڈ کمانڈر سمیت 4 افراد کو شہید کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق اسرائیلی فوج نے جنوبی لبنان کے گاؤں جویا میں حملہ کیا۔ سکیورٹی ذرائع کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ اسرائیلی حملے میں شہید ہونے والا طالب عبداللہ حزب اللہ کا سینئر رہنما تھا جس نے 8 ماہ سے اسرائیل کیخلاف حملے جاری رکھے ہوئے تھے۔ واضح رہے گزشتہ سال اکتوبر سے ہی اسرائیلی فوج نے غزہ کے ساتھ ساتھ لبنان پر بھی حملے جاری رکھے ہوئے ہیں جس میں اب تک حزب اللہ کے کمانڈرز سمیت 300 جنگجو شہید ہو چکے ہیں۔ اسرائیلی حملوں کے جواب میں حزب اللہ کی جانب سے بھی اسرائیلی فوجی اہداف کو میزائلوں سے نشانہ بنایا جا رہا ہے۔

انڈونیشیا میں محمد نام کی توہین پر 5 سال قید کی سزا ہو سکتی ہے

جکارتہ (ایجنسیاں) انڈونیشیا میں ایک مزاحیہ اداکار کو محمد نام کی توہین کا مرتکب ہونے پر 7 ماہ قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ واقعہ انڈونیشیا کے صوبے سماٹرا میں پیش آیا تھا۔ اولیا رحمان نامی مزاحیہ اداکار نے ایک ایسا لطیفہ سنایا تھا جس میں لفظ محمد کا مذاق بنایا گیا تھا۔ انڈونیشیا میں تقریباً ہر شخص کے نام کے ساتھ نبی آخری الزماں کے نام محمد کو بطور محبت، احترام اور شوق کی نیت سے لگایا جاتا ہے لیکن اکثر لوگ اس نام کی توقیر کا خیال نہیں رکھ پاتے۔ مزاحیہ اداکار سے بھی یہی غلطی سرزد ہوئی تھی۔ انڈونیشیا میں نام محمد کی توہین کے جرم کی سزا زیادہ سے زیادہ 5 سال تک کی ہے۔ پراسیکیوٹر نے اداکار کے لیے 8 ماہ کی سزا کا مطالبہ کیا تھا۔ عدالت میں مزاحیہ اداکار نے اپنی غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے معافی مانگی اور آئندہ ایسا نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی۔ جس کے باعث اسے کم از کم سزا دی گئی۔

روس اور سوڈان کے درمیان بحیرہ احمر میں بحری اڈے کی تعمیر پر ابھی کوئی معاہدہ نہیں: بوگدانوف

سینٹ پیٹرزبرگ: (ایجنسی) روس کے نائب وزیر خارجہ میخائل بوگدانوف نے کہا ہے کہ روس اور سوڈان بحیرہ احمر میں بحری اڈے کی تعمیر پر ابھی تک کسی معاہدے پر نہیں پہنچے ہیں۔

کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی کھیل کھلاڑی

آسٹریلیا نے نمیبیا کو 9 وکٹوں سے دی شکست

ڈیوڈ وارنر اور ٹریوس ہیڈ نے طوفانی اننگ کھیلتے ہوئے صرف 34 گیندوں میں جیت حاصل کی

ایڈم زمپا نے 12 رنز دے کر 4 وکٹ جھٹکے

نارتھ ساؤنڈ (یو این آئی)

ایڈم زمپا کے 12 رن پر چار وکٹوں کے قہر کے بعد ڈیوڈ وارنر (20) اور ٹریوس ہیڈ (34) کی طوفانی اننگز کی بدولت آسٹریلیا نے ٹی-20 ورلڈ کپ کے 24 ویں میچ میں محض 34 گیندوں میں ہدف حاصل کرتے ہوئے نمیبیا کو 9 وکٹوں سے شکست دی۔ اس جیت کے ساتھ ہی آسٹریلیا سپر ایٹ میں داخل ہو گیا ہے۔ آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا اور اسے درست ثابت کرتے ہوئے اس کے گیند بازوں نے نمیبیا کی پوری ٹیم کو 17 اوورز میں محض 72 رنز پر آؤٹ کر دیا۔ نمیبیا کی جانب سے کپتان ایرارڈ ایراسمس نے سب سے زیادہ 34 رن بنائے۔ مائیکل وین لنگن 10 رن بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ آسٹریلیائی گیند بازوں کے قہر کے سامنے نمیبیا کا کوئی بلے باز ڈبل فیگر تک بھی نہ پہنچ سکا۔ آسٹریلیا کی جانب سے ایڈم زمپا نے چار وکٹ حاصل کئے۔ جوش ہیزل ووڈ اور مارکس اسٹوئنس نے دو دو وکٹ حاصل کئے۔ پیٹ کمنز اور نیتھن ایلس نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔ اس 73 رن کے چھوٹے ہدف کے جواب میں آسٹریلیا کی اوپننگ جوڑی ڈیوڈ وارنر اور ٹریوس ہیڈ نے طوفانی انداز میں آغاز کیا۔ اسی دوران دوسرے اوور کی چوتھی گیند پر ڈیوڈ ویزا نے وارنر کو روبن ٹرمپل مین کے ہاتھوں کیچ آؤٹ کرا دیا۔ وارنر نے آٹھ گیندوں میں تین چوکے اور ایک چھکا لگا کر 20 رن بنائے۔ جبکہ ٹریوس ہیڈ نے 17 گیندوں پر 34 رن کی ناٹ آؤٹ اننگز کھیلی جس میں پانچ چوکے اور دو چھکے شامل تھے۔ کپتان مچل مارش نو گیندوں پر 18 رن بنانے کے بعد ناٹ آؤٹ رہے۔ آسٹریلیا نے 5.4 اوورز میں ایک وکٹ پر 74 رنز بنائے اور میچ نو وکٹوں سے جیت لیا۔ اس فتح کے ساتھ آسٹریلیا جنوبی افریقہ کے بعد سپر 8 راؤنڈ میں پہنچنے والی دوسری ٹیم بن گئی۔ نمیبیا کی جانب سے واحد وکٹ ڈیوڈ ویزا نے حاصل کیا۔

سری لنکا اور نیپال کا میچ بارش کے باعث منسوخ

لاڈرہل (یو این آئی) سری لنکا اور نیپال کے درمیان ٹی-20 ورلڈ کپ کا 23 واں میچ بارش کی وجہ سے منسوخ ہو گیا ہے۔ بارش کے باعث میچ کا ٹاس بھی نہ ہو سکا۔ امپائروں نے تیز بارش کے پیش نظر میچ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا اور دونوں ٹیموں کے درمیان ایک ایک پوائنٹ تقسیم کیا۔ منسوخ ہونے والے میچ کی وجہ سے سری لنکا پر ٹورنامنٹ سے باہر ہونے کا خطرہ منڈلا رہا ہے۔ سری لنکا گروپ ڈی میں پوائنٹس ٹیبل پر تین میچوں میں دو ہار اور ایک منسوخی کے ساتھ سب سے نیچے ہے۔ بارش کے باعث میچ منسوخ ہونے سے سری لنکا کا سپر ایٹ میں داخلہ مشکل ہو گیا۔ اسے اگلے راؤنڈ میں داخلے کے لیے دوسرے ممالک کی ٹیموں کے میچوں پر انحصار کرنا پڑے گا۔

آئی سی سی ٹی-20 رینکنگ میں سوریا ٹاپ پوزیشن پر برقرار

محمد نبی نمبرون آل راؤنڈر

دبئی (ایجنسیاں) افغانستان کے محمد نبی نے بنگلہ دیش کے سابق کپتان شکیب الحسن کی جگہ لے کر نمبر ون ٹی-20 آل راؤنڈر کا مقام حاصل کر لیا ہے۔ جب کہ بھارت کے بلے باز سوریہ کمار یادو نے انٹرنیشنل کرکٹ آئی سی سی کی جاری کردہ تازہ ترین درجہ بندی میں اپنا پہلا مقام برقرار رکھا ہے۔ افغانستان نے جاری ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 میں گروپ سی کے میچوں میں یوگنڈا اور نیوزی لینڈ کو شکست دے کر اپنے گروپ میں سرفہرست بنی ہوئی ہے۔ نبی ان کے اسٹار پرفارمنس میں سے ایک رہے ہیں اور انہیں بلے اور گیند کے ساتھ ان کی شاندار کارکردگی کا صلہ ملا ہے۔ گیانا میں نیوزی لینڈ کے خلاف دو وکٹیں لینے کے بعد 39 سالہ محمد نبی رینکنگ کی چوٹی پر پہنچ گئے ہیں۔

سابق افغان کپتان نے 2 درجے چھلانگ لگا کر ٹاپ پوزیشن حاصل کی جبکہ آسٹریلیا کے مارکس سٹوئنس تین مقام کی چھلانگ لگا کر اپنی 67 رنز کی تیز اننگز کے بعد دوسرے نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ اس سے قبل نمبر ون رینکنگ پر رہنے والے بنگلہ دیش کے شکیب الحسن پانچویں نمبر پر چلے گئے ہیں۔ ٹی-20 بلے بازی کی رینکنگ میں، سوریہ کمار نے اپنی جگہ کو برقرار رکھا ہوا ہے، جبکہ افغانستان کے اوپننگ بلے باز، رحمن اللہ گرباز 12 ویں نمبر پر پہنچ گئے ہیں۔ وہ ورلڈ کپ میں دو اننگز میں 156 رنز کے ساتھ سب سے زیادہ رنز بنانے والے کھلاڑی ہیں۔ گزشتہ تین میچوں میں ناقص کارکردگی کے بعد پاکستان کے کپتان بابر اعظم تیسرے نمبر پر چلے گئے جبکہ انگلینڈ کے کپتان جوس بٹلر نے تازہ ترین رینکنگ میں پانچویں پوزیشن حاصل کی ہے۔ آسٹریلیا کے سلامی بلے باز ٹریوس ہیڈ چھ درجہ ترقی کر کے دسویں نمبر پر پہنچ کر ٹاپ 10 میں شامل ہو گئے ہیں۔ ٹی-20 میں گیند بازوں کی رینکنگ میں انگلینڈ کے عادل رشید پہلے اور سری لنکا کے کپتان ویننڈو ہسرنگا دوسرے نمبر پر ہیں۔ کیویز کے خلاف غیر معمولی چار وکٹیں لینے کے بعد، افغان جوڑی راشد خان اور فضل الحق فاروقی بالترتیب تیسرے اور چوتھے نمبر پر آ گئے ہیں۔ جنوبی افریقہ کے تیز رفتار کھلاڑی اینرک نورٹجے فاروقی کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہیں۔ افغانستان کے کپتان راشد نے دو میچوں میں چھ وکٹیں حاصل کیں۔ ان کے ہم وطن فاروقی ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے کھلاڑی ہیں، جنہوں نے دو میچوں میں ایک فائفر سمیت نو وکٹیں حاصل کیں۔ نورٹجے ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے دوسرے نمبر پر ہیں جنہوں نے تین میچوں میں آٹھ وکٹیں اپنے نام کیں۔

بابر اعظم کی بڑے میچز میں اہلیت پر اٹھنے لگے سوال

کراچی (ایجنسیاں) مصباح الحق نے بابر اعظم کی بڑے میچز میں اہلیت پر سوال اٹھا دیا، سابق کپتان کا کہنا تھا کہ دباؤ کے بغیر فتوحات کی کوئی اہمیت نہیں رہتی، بابر ابھی تک آئی سی سی ایونٹس میں دباؤ کی صورتحال میں ناکام رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بابر اہم لمحات پر پرفارم نہیں کر پاتے، وہ بطور کپتان چوتھا ورلڈ کپ کھیل رہے ہیں، جب دباؤ کی صورتحال آتی ہے تو آپ کو خود کو ثابت کرنا ہوتا ہے، اس موقع پر اپنا موازنہ کوہلی سے بطور بلے باز شروع کر دیتے ہیں، انھیں آگے بڑھ کر خود کو ثابت کرنا ہوگا۔

مصباح نے مزید کہا کہ دباؤ کے بغیر ملنے والی کامیابیاں غیر اہم ہوتی ہیں، بابر 2019 سے اب تک 4 ورلڈ کپ میں ٹیم کو موثر قیادت نہیں کر پائے ہیں، کوئی بھی دباؤ کے بغیر آپ کی پرفارمنس کو اہمیت نہیں دے گا، وہ بڑے پلیئر ہیں، انھیں بڑے ایونٹ میں ٹیم کو لیکر آگے بڑھنا اور انھیں متاثر کرنا چاہیے، لیکن وہ ایسا نہیں کر پائے ہیں۔ دوسری جانب سابق آل راؤنڈر محمد حفیظ کہتے ہیں کہ محمد عامر اور عماد وسیم ورلڈ کپ کو کسی فرنچائز لیگ کی طرح خیال کر رہے ہیں، دونوں متنازع حالات میں پاکستانی اسکواڈ کا حصہ بنائے گئے، انھوں نے سلیکشن عمل کی ساکھ پر بھی سوال اٹھا دیے، جون میں کوئی لیگ نہیں تھی، دونوں کھلاڑی ٹی-20 ورلڈ کپ کو بھی محض ایک دوسری لیگ سمجھ کر کھیلے ہیں۔

کناڈا سے 7 وکٹوں کی جیت کے باوجود پاکستان کیلئے سپر 8 کی راہ مشکل

نیویارک (ایجنسیاں) ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 کا 22 واں میچ پاکستان اور کناڈا کے درمیان کھیلا گیا۔ یہ میچ جیت کر پاکستان نے سپر ایٹ میں پہنچنے کی اپنی امیدیں زندہ رکھی ہیں۔ ٹاس ہارنے کے بعد کناڈا نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 106 رنز بنائے جو پاکستان نے 17.3 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیے۔ کناڈا کے 107 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پاکستان کو پہلا دھچکا 20 رنوں کے اسکور پر لگا۔ ان کے اوپننگ بلے باز صیائم ایوب 12 گیندوں پر 6 رنز بنانے کے بعد پویلین لوٹ گئے۔ اس کے بعد محمد رضوان نے اننگز کی ذمہ داری سنبھالی اور 100 کے اسٹرائیک ریٹ سے 53 گیندوں پر 53 رنز کی اننگز کھیلی۔ اس کے علاوہ کپتان بابر اعظم نے بھی 33 گیندوں پر 33 رنز بنائے۔ فخر زمان نے 4 اور عثمان خان نے 2 رن بنائے۔

اس سے قبل کناڈا نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں سات وکٹوں کے نقصان پر 106 رن بنائے۔ کناڈا کی جانب سے ایرون جانسن نے نصف سنچری کھیلی جو پہلے بیٹنگ کرنے آئے۔ انہوں نے 44 گیندوں میں 4 چھکوں اور 4 چوکوں کی مدد سے 52 رنز بنائے۔ جانسن نے اس اننگز کو بین الاقوامی کرکٹ میں اپنی بہترین اننگز قرار دیا۔ ان کے علاوہ کوئی بھی کھلاڑی 10 رنز سے زیادہ اسکور نہ کر سکا۔ نونیت دھالیوال 4، پرگت سنگھ 2، کپتان سعد بن ظفر 10، کلیم ثنا 13 رنز بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ وہیں ڈلن ہیلیگر نے 14 گیندوں پر 13 رنز بنائے۔ پاکستان کی بالنگ کی بات کریں تو محمد عامر اور حارث رؤف نے 2۔2 وکٹ حاصل کئے۔ شاہین شاہ آفریدی اور نسیم شاہ نے ایک ایک وکٹ حاصل کیا۔ آل راؤنڈر عماد وسیم ایک بھی وکٹ حاصل نہیں کر سکے۔ اس وقت پاکستان کی سپر ایٹ تک رسائی کی امید برقرار ہے تاہم اس کے لیے پاکستان کو اپنا اگلا میچ جیتنا ہوگا اور امریکہ کو اپنے دونوں میچز بڑے مارجن سے ہارنا ہوں گے۔

کیمرون نوری کا فاتحانہ آغاز، ناٹنگھم اوپن ٹینس مینز سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں داخل

لندن (ایجنسیاں) انگلینڈ کے نمبر ون ٹینس کھلاڑی کیمرون نوری اے ٹی پی ناٹنگھم اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز مقابلوں کا فاتحانہ انداز میں آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ اے ٹی پی ایونٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں برطانوی کیمرون نوری نے جاپان کے حریف کھلاڑی شوشیما بوکورو کو 1-2 سیٹس سے شکست دے کر دوسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔

اے ٹی پی ناٹنگھم اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے کانٹے دار مقابلوں کا سلسلہ انگلینڈ کے مشہور شہر ناٹنگھم میں جاری ہے جس میں شائقین ٹینس کو انتہائی دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے دیکھنے کا موقع مل رہا ہے۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں 28 سالہ انگلینڈ کے نمبر ون ٹینس کھلاڑی کیمرون نوری کا مقابلہ جاپان کے حریف کھلاڑی شوشیما بوکورو سے تھا جس میں کیمرون نوری نے ایک گھنٹہ 43 منٹس کے مقابلے کے بعد حریف کھلاڑی کو 1-6، 6-4 اور 3-6 سے پچھاڑ کر دوسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔ کیمرون نوری کا دوسرے راؤنڈ میں مقابلہ ہم وطن حریف کھلاڑی جیک پننگٹن جونز سے ہوگا۔